© rasailojaraid.com



تبلیغ کے لئے آمادہ ہوجائیں۔ کتاب اگرچہ مختصر ہے اور اس میں گفتگو بھی صرف اصولی حیثیت سے کی گئی ہے تاہم اس کے مفید ہونے میں کوئی شبہ نہیں اس کا مطالعہ مسلمانوں اور غیر مسلموں دونوں کے لئے فائدہ کا موجب ہوگا۔

**مقاصد قرآن** | از مولانا سید صبغۃ اللہ صاحب بختیاری۔ تقطیع خورد ضخامت ۸۶ صفحات قیمت ۲ ار پتہ :- مکتبۂ نشأۃ ثانیہ حیدرآباد دکن

مصنف نے چند مضامین اسی عنوان سے ماہنامہ ترجمان القرآن میں جبکہ وہ حیدرآباد سے شائع ہوتا تھا۔ لکھے تھے۔ اب انھیں مضامین کو کتابی صورت میں چھاپ دیا گیا ہے اس میں لائق مصنف نے قرآن مجید کی دو آیتوں کو بنیاد بنا کر اس پر گفتگو کی ہے کہ قرآن مجید کا اصل مقصد دوسری الہامی کتابوں اور انبیائے کرام کی تعلیمات کی طرح صرف تین چیزیں ہیں۔ ایمان باللہ۔ ایمان بیوم الآخرت۔ اور اعمال صالحہ۔ پھر ان میں سے ہر ایک پر مفصل گفتگو کی ہے جس کے ذیل میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ توحید۔ دوسرے مذاہب میں خدا کا تصور، عبادات و معاملات، یوم آخرت پر ایمان کی حقیقت ان تمام مسائل و امور پر کلام ہوگیا ہے۔ مصنف کا اندازِ بیان اگرچہ اقناعی ہے استدلالی اور منطقی نہیں تاہم عام مسلمانوں کو اس کے مطالعہ سے فائدہ ہوگا۔

**سدرۃ المنتہی** | از مولانا سیماب اکبرآبادی تقطیع کلاں ضخامت ۲۰۰ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت مجلد للعہ رپتہ :- مکتبۂ قصر الادب آگرہ

مولانا سیماب اکبرآبادی ہمارے ملک کے اُن چند اکابر شعر و ادب میں سے ہیں جو ادبی جدت طرازیوں کے اس دور میں عہدِ قدیم کے اساتذۂ فن کی یادگار سمجھے جاتے ہیں۔ موصوف صرف شاعر و ناظم نہیں بلکہ فنِ شعر و ادب کے تمام گوشوں پر مبصرانہ نگاہ رکھتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ آپ کے ہاں حسنِ تخیل۔ بلندی فکر، نکتہ سنجی، اور حقیقت شناسی کے ساتھ صحت زبان و بیان اور قواعد و ضوابط



© rasailojaraid.com